ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (703)

29-12-2021

بہاول پور() ضلعی پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، 21 ملزمان گرفتار، 345 لیٹر شراب، 150 لیٹر لہن، 02 چالو بھٹیاں، 1480 گرام چرس، 10 عدد پسٹل 30 بور، 01 رپیٹر 12 بور اور 01 بندوق 12 بور برآمد کرلی۔ مقدمات درج، سماج دشمن عناصر کو معاشرے کے لیے ناسور نہیں بننے دیا جائے گا، انہیں گرفتار کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جائے گا۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان، ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او محمد فیصل کامران کی ہدایت پر ضلعی پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھتے ہوئے 21 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔ پولیس تھانہ کوتوالی، ڈیرہ نواب صاحب، نوشہرہ جدید، صدر احمد پور شرقیہ اور عنایتی نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان محمد ندیم، عدنان، محمد عامر، محمد عرفان، محبوب احمد اور الطاف حسین کو گرفتار کرلیا۔ جن کے قبضہ سے 345 لیٹر شراب، 150 لیٹر لہن اور 02 چالو بھٹیاں برآمد کرلیں جبکہ شراب پی کر غل غپاڑہ کرنے والے ملزم کاشف بشیر کو بھی گرفتار کرلیا۔ پولیس تھانہ خیر پور ٹامیوالی اور نوشہرہ جدید نے منشیات فروش کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے ملزمان ارباب ارتضاء اور ظہور احمد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 1480 گرام چرس برآمد کرلی۔ پولیس تھانہ صدر بہاولپور، مسافر خانہ، صدر احمد پور شرقیہ، نوشہرہ جدید، خیر پور ٹامیوالی، سٹی حاصل پور سمہ سٹہ، اوچ شریف، ڈیرا ور صدر حاصل پور نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان محمد سعید، محمد صدام، محمد طارق، پرویز اقبال، محمد احمد، سجاد مقصود، محمد افضل، محمد مداح، کالے خان (فرار)، ضیاء الحق، محمد زاہد اور محمد دلشاد کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 10 عدد پسٹل 30 بور، ایک رپیٹر 12 بور اور ایک بندوق 12 بور برآمد کرلی۔ ضلعی پولیس نے گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کرلیے۔ ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کو معاشرے کے لیے ناسور نہیں بننے دیا جائے گا، انہیں گرفتار کر کے جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچایا جائے گا۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: ضلعی پولیس کی سماج دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری، 21 ملزمان گرفتار، مقدمات درج۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((704

29-12-2021

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کا اپنے دفتر میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا سلسلہ جاری، پچھلے دو روز کے دوران 72 شہریوں کی کھلی کچہری میں شرکت، متعلقہ افسران کو فون کال پر احکامات جاری، جرائم کی روک تھام کے ساتھ عوام کو فوری ریلیف دینا بھی ہماری ذمہ داری ہے، ڈی پی او۔

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان ،انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب کیپٹن (ر) ظفر اقبال اعوان کے عوامی مسائل کے فوری حل کے حوالے سے جاری احکامات کے مطابق ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اپنے دفتر میں منعقد کی جانے والی کھلی کچہری کا تسلسل جاری، گزشتہ 02 روز کے دوارن 72 شہریوں نے اپنے مسائل کے حل کیلئے ڈی پی او آفس کا رخ کیا، ڈی پی او نے متعلقہ افسران کو لائیو کالز پر لیتے ہوئے قانون کے مطابق کارروائی کرنے کے احکامات جاری کیے۔ درخواستوں پر متعلقہ ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز کو کارروائی کرنے اور رپورٹس بھجوانے کا حکم دیا۔ اس موقع پر ڈی پی او محمد فیصل کامران نے پولیس افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری سے بھجوائی جانے والی درخواستوں پر متعینہ وقت کے اندر اندر کارروائی کر کے واپسی رپورٹس بھجوائی جائیں، جرائم کی روک تھام کے ساتھ عوام کو فوری ریلیف دینا بھی ہماری ذمہ داری ہے، تمام درخواست دہندہ شہریوں کو دیے گئے وقت پر سنا جائے، ڈی پی او نے شہریوں سے بھی بات کرتے ہوئے کہا کہ میرے دفتر کے دروازے ہمیشہ عوام کے کیلئے کھلے ہیں۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس

بہاول پور: ڈی پی او محمد فیصل کامران کھلی کچہری میں سائلین کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے۔